بسم اللہ الرحمن الرحیم

CABLE ERCH

Islamic Research Institute

P. O. Box 1035
ISLAMABAD, PAKISTAN

OFFICE ADDRESS: CIVIC CENTRE, RAMNA-6

Ref. No. ______________

Date 26/ اگست 1984ء

مولانائے محترم ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ

بعد سلام مسنون ۔

ایک عریضہ چند روز ہوئے آپ کے ملفوف کے جواب میں ارسال کرچکا ہوں ، آج باعث تحریر یہ کہ آپ نے مولانا کے حالات میں لکھا ہے کہ ان کی زندگی میں تدبر فی القرآن کا آغاز علیگڑھ میں ہوا جب وہ وہاں طالب علم کی حیثیت سے مقیم تھے اور اس کا محرک سرسید کے تفسیری خیالات تھے ۔ دریافت طلب امر یہ ہے کہ یہ آپ کے اخذ کردہ نتائج ہیں یا آپ نے ان امور کے متعلق کبھی مولانا فراہی سے بھی کچھ سنا ۔ ان ہر دو امور کے متعلق صراحت سے تحریر فرمائیے ۔ میں نے آپ کے اخذ کردہ نتائج کی حیثیت سے ہی ان باتوں کو لیا ہے لیکن اگر اس سلسلے میں مولانا سے کچھ منقول ہو تو اسکی حیثیت "منصوص حکم" کی ہوجائے گی ۔ سوالات دو ہیں ۔

1 ۔ تدبر فی القرآن کا آغاز مولانا نے علی گڑھ میں زمانہ طالب علمی میں کیا ؟

2 ۔ سرسید کے تفسیری خیالات اور ان سے پیدا ہونے والے اثرات نے مولانا کو تدبر فی القرآن کی طرف متوجہ کیا ؟

ان دونوں مسئلوں کے متعلق مختصراً اپنے خیالات سے مستفید فرمائیے ۔

والسلام

شرف الدین اصلاحی

( شرف الدین اصلاحی )

بخدمت گرامی جناب مولانا امین احسن اصلاحی
فاران فاؤنڈیشن ، 122 فیروز پور روڈ ،
اچھرہ ، لاہور ۔ 18 ۔